Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

20فروری2014

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی قونصل خانے کی جانب سے خصوصی بچوں کیلیے کھیلوں کے مقابلے

کراچی۔امریکی قونصل خانے اور اسپیشل اولمپکس پاکستان کے اشتراک سے امریکی قونصل جنرل کی رہائشگاہ پر خصوصی بچوں کیلیے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ کراچی کے مختلف اسکولوں سے تعلق رکھنے والے خصوصی بچوں نے امریکی حکومت کے زیر انتظام انگریزی زبان کی تربیت کے پروگرام میں شریک طلبا کے ہمراہ باسکٹ بال اور اتھلیٹکس کے مقابلوں میں حصہ لیا۔ تقریب میں کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین اور اسپیشل اولمپکس پاکستان کے چیئرمین سعید احمد خان کے علاوہ بچوں کے والدین اور اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'ان خصوصی بچوں نے مختلف کھیلوں میں شرکت کرکے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ان کھلاڑیوں سے ملاقات میرے لیے ایک اعزاز ہے۔' مائیکل ڈاڈمین کا مزید کہنا تھا کہ 'میں ان تمام افراد کی کوششوں کو سراہتا ہوں جو پاکستان میں خصوصی افراد کو کھیلوں کی صحت مند سرگرمیوں تک رسائی فراہم کرنے کیلیے کوشاں ہیں۔'

تقریب میں امریکی قونصل خانے کی جانب سے ایشیا پیسفک اسپیشل اولمپکس2013 میں شرکت کرنے والے16 پاکستانی کھلاڑیوں کو سرٹیفکیٹ بھی دیے گئے۔امریکی حکومت کے زیر انتظام 'اسپورٹس ڈپلومیسی' کا منصوبہ دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات کو فروغ دینے کا اہم ذریعہ ہے۔اس منصوبے کے تحت کھیلوں کے ذریعے مختلف ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو قریب لانے میں مدد ملتی ہے۔

####